حیسکو پریس ریلیز مورخہ :24.12.2021

# چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی جانب سے تمام کرسچن کمیونٹی کو "Happy Christmas"۔ تمام چرچز، اور امسیحی / عیسائی آبادی کے علاقوں کے 23 عدد 11 کے وی فیڈروں پر 24 دسمبر 2021 کو شام 06:00 بجے سے 26 دسمبر 2021 کی صبح 06:00 بجے تک بجلی کی بندش نہیں کی جائے گی۔ حیسکو ترجمان

حیدر آباد (      ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی حدایات پر تمام فیلڈ افسران کو احکامات دی گئی ہیں کہ تمام (کرسچن کمیونٹی) مسیحی/عیسائی برادری کے رہائشی علاقوں اور چرچز کے علاقوں میں مورخہ 24 دسمبر 2021ء کو شام 06:00 بجے سے 26 دسمبر 2021ء کی صبح 06:00 بجے تک ان تمام فیڈروں پر بجلی فراہمی مسلسل جاری رہے گی۔ حیسکو چیف کا وژن ہے کہ سب سے پہلے عوام اور حیسکو کے صارفین ہمارے لیئے بہت اہم ہیں، اس لئے تمام مذاہب کے مذہبی پروگراموں کہ وقت حیسکو انتظامیا کے ہروقت کوشش رہتی ہے کہ بجلی کی سپلائی مسلسل جاری رہے، حیسکو صارف و ملازمین حیسکو کے محافظ ہیں، ہمیں ان کی کیئر کرنی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حیسکو ریجن کے 23 عدد 11 کے وی فیڈروں جہاں پر عیسائی برادری کی رہائش ہے یا ان کی عبادتگاہیں (چرچز) ہیں ان علاقوں میں بجلی کی مسلسل سپلائی فراہم کی جائے گے، جس میں حیدرآباد سرکل اور لاڑ سرکل کے 07 عدد، جس میں حیدرآباد، کوٹری اور جامشورو کے علاقوں شامل ہیں، نوابشاہ سرکل کے 04 عدد شہری اور دیہی علاقوں کے فیڈر شامل ہیں، جبکہ میرپورخاص سرکل کے 12 عدد 11 کے وی فیڈرز کے علاقے شامل ہیں، جس میں 24 دسمبر 2021 شام 6 بجے سے 26 دسمبر 2021 کو صبح 6 بجے تک بجلی کی مسلسل فراہمی کی جائیگی اور مذکورہ بالا 23 عدد فیڈروں پر اس اوقات کار میں لوڈ شیڈنگ نہیں کی جائیگی۔ جس کیلیئے حیسکو چیف نے تمام فیلڈ افسران، پی ڈی سی انچارج کو سختی سے ہدایات دیں ہیں بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار کی صبح تک بجلی کی مسلسل فراہمی کی جاری رکھیں، تا کہ اقلیتی برادری اپنا تہوار بہتر طریقے سے منا سکے۔ حیسکو چیف نے کرسچن کیونٹی/مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلیئے Happy Christmas کہا ہے، اور دعا کی ہے کہ پاکستان بھر میں عیسائی برادری کا یہ دن خیروعافیت سے منایا جائے۔

آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو